2017年6月13日ジャング紙ラホール版1面

خلیج میں کشیدگی کم کرانے کیلئے پاکستانی کوششوں کا آغاز، نواز شریف کے شاہ سلمان سے مذاکرات

وفد میں جنرل باجوہ بھی شامل

وزیراعظم کی وفد کیساتھ رائل پیلس آمد، شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے استقبال کیا، رمضان کی مبارکباد کا تبادلہ، وزیراعظم نے سعودی حکام کو کشیدگی پر پاکستانی مؤقف کے حوالے سے اعتماد میں لیا

سعودی شاہ کا پاکستانی وفد کے اعزاز میں افطار وعشائیہ، وزیراعظم اور وفد کی 6 گھنٹے کے مختصر دورے کے بعد علی الصبح وطن واپسی، آج اعلیٰ سطح اجلاس متوقع، نواز شریف کویت بھی جائیںگے، ذرائع

جدہ/اسلام آباد (شاہد نعیم/صالح ظافر/نیوز ایجنسیز) پاکستان کی جانب سے خلیجی ممالک میں دوریاں کم کرانے کیلئے کوششوں کا آغاز ہو گیا اور پاکستانی وزیراعظم نواز شریف نے سعودی شاہ سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات اور مذاکرات کئے، دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کو رمضان کی مبارکباد دی جبکہ وزیراعظم نواز شریف نے خلیج میں کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا اور اپنے سعودی میزبان کو کشیدگی پر پاکستانی مؤقف کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔ پاکستانی وفد میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار، مشیر خارجہ سرتاج عزیز اور دیگر سینئر حکام بھی ان کے ساتھ تھے۔ قبل ازیں وزیراعظم نواز شریف اپنے وفد کے ہمراہ جدہ کے رائل پیلس پہنچے تو سعودی شاہ سلمان نے ان کا استقبال کیا اور پاکستانی وفد کے اعزاز میں افطار و عشائیہ دیا۔ بعد ازاں وزیراعظم نواز شریف اپنے وفد کے ہمراہ 6 گھنٹے کے مختصر دورہ سعودی عرب کے بعد منگل کو علی الصبح وطن واپس پہنچ گئے اور ذرائع کا کہنا ہے کہ اس بات کی توقع ہے کہ وزیراعظم آج (منگل کو) اعلیٰ سطح اجلاس میں صورتحال کا جائزہ لیا جبکہ وہ خلیج میں اپنے امن مشن کے سلسلے میں کویت بھی جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے پیر کی شب سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، وزیر خزانہ اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر برائے خارجہ امور بھی موجود تھے۔ وزیراعظم خلیجی ممالک کے مابین پیدا شدہ ہنگامی صورتحال کے تناظر میں دورہ کر رہے تھے۔ اس سے پہلے وزیراعظم شاہی محل پہنچے تو سعودی فرمانروا نے مرکزی دروازے پر ان کا استقبال کیا۔ بعد ازاں دونوں رہنماؤں نے ملاقات کی اور رمضان کی مبارکباد کا تبادلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم پاکستان نے سعودی شاہ سلمان کو خلیج میں کشیدگی پر پاکستان کے مؤقف کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔ شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے پاکستانی وفد کے اعزاز میں افطار و عشائیہ بھی دیا۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق افطار و عشائیے میں گورنر مکہ شہزادہ خالد الفیصل بن عبدالعزیز، شہزادہ خالد بن فہد بن خالد، ولی عہد محمد بن نائف بن عبدالعزیز، نائب ولی عہد اور وزیر داخلہ اور دیگر سعودی حکام بھی موجود تھے۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد نواز شریف خلیجی ممالک کے مابین پیدا شدہ صورتحال کے تناظر میں سعودی عرب کے دورے پر پیر کو جدہ پہنچے تو گورنر مکہ شہزادہ فیصل بن عبدالعزیز نے وزیراعظم کا خیر مقدم کیا۔ وزیر خزانہ محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر برائے خارجہ امور سرتاج عزیز، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ اور سینئر حکام بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ بعد ازاں وزیراعظم نواز شریف منگل کو علی الصبح وطن واپس پہنچ گئے، وزیراعظم نے اپنے 15 گھنٹے کے دورے میں 9 گھنٹے سفر میں گزارے۔ جدہ کے کنگ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سفیر پاکستان خان ہشام بن صدیق اور اعلیٰ سعودی حکام نے انہیں رخصت کیا۔ خادم الحرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کے بعد وزیراعظم اور آرمی چیف 6 گھنٹے کے مختصر ترین دورے کے بعد جدہ سے واپس پاکستان روانہ ہوئے۔ علاوہ ازیں سعودی عرب روانگی سے پہلے وزیراعظم عرب ملکوں میں تعینات پاکستان کے سفیروں کی کانفرنس سے خطاب بھی کیا۔ کانفرنس میں شرکت کے لیے سعودی عرب، کویت، متحدہ عرب امارات اور قطر میں پاکستان کے سفیر اسلام آباد پہنچے۔ اسلام آباد میں منعقدہ کانفرنس میں مشیر خارجہ سرتاج عزیز بھی شریک تھے، کانفرنس میں خلیجی ممالک میں جاری حالیہ کشیدگی پر بات چیت کی گئی۔